آگ کی اطلاع دینے کے لئے
**000 ڈائل کریں**

# میں کیا کرسکتا ہوں اور کیا نہیں؟

نومبر 2016 میں تجدید شدہ

یہ گائیڈ اس بارے میں آپ کو عمومی معلومات دیتی ہے کہ آگ سے خطرے کے اعلان شدہ عرصے کے دوران اور آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں، جب کھلی جگہوں پر آگ لگانے پر قانونی بندشوں کا اطلاق ہوتا ہے، آپ کیا کرسکتے ہیں اور کیا نہیں کرسکتے۔

آگ کا خطرہ زیادہ ہونے کے عرصے کے دوران وکٹوریہ کے مضافاتی علاقوں میں CFA میونسپلٹیوں کے حساب سے آگ کے خطرات کے دورانیوں کا علان کرتی ہے۔ اپنے محل وقوع کے بارے میں مزید تفصیلات کے لئے CFA کی ویب سائٹ cfa.vic.gov.au پر جائیں۔ ریاستی جنگلات، قومی پارکوں اور زیرحفاظت عوامی رقبے پر آگ لگانے پر سارا سال بندشوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ ان علاقوں میں آگ لگانے کی بندشوں کے بارے میں تجویز کے لئے Department of Environment, Land, Water and Planning (DELWP) سے رابطہ کریں۔ اس کے علاوہ، ہمیشہ اپنی میونسپلٹی سے بھی تصدیق کرلیں کیونکہ کچھ میونسپلٹیوں نے سال بھر کے لئے بندشیں لگا رکھی ہیں۔

CFA ایسے دنوں میں آگ لگانے پر مکمل پابندی کا اعلان کرتی ہے جب آگ کے تیزی سے پھیلنے کا امکان ہو اور اسے قابو کرنا مشکل ہوسکتا ہو۔ آگ کے خطرے کے عرصے کے دوران اور آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں آگ لگانے کی صورت میں بڑے جرمانے اور ممکنہ جیل ہوسکتی ہے۔

## کیا میں حرارت یا آرام کی غرض سے باربی کیو کرسکتا ہوں، کیمپ فائر یا آگ لگا سکتا ہوں؟





### آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز نہ چل رہی ہو (اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آیا پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہیں)
- آگ **باقاعدہ طور پر تعمیر شدہ آتش دان** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں لگائی گئی ہو
- آگ کے بیرونی کناروں سے لیکر 3 میٹر تک کے فاصلے تک اور آگ کے شعلے کے اوپر کوئی آتش گیر چیز نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زائد رقبے پر نہ ہو اور اس مقصد کے لئے استعمال کئے جانے والے مطلوبہ ٹھوس ایندھن کا سائز اور طول وعرض کم سے کم ہو
- آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

نوٹ کرلیں کہ CFA ایکٹ 1958 کے مطابق باقاعدہ طور پر تعمیرکردہ آتش دان سے مراد ایک ایسا آتش دان ہے جو آگ کے حصار کو محدود کرنے کی غرض سے پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی اور غیر آتش گیر مادے سے بنا ہو۔ کمرشل بنیادوں پر بنائے گئے باربی کیو کو ایک باقاعدہ طور پر تعمیرکردہ آتش دان سمجھا جاتا ہے۔

### آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں تمام کیمپ فائرز، حرارت یا ذاتی آرام کی غرض سے لگائی جانے والی آگ پر پابندی ہے۔ آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں ٹھوس یا مائع ایندھن سے چلنے والے بار بی کیوز اور اوون (بشمول زیرزمین اوون یعلی hangis) پر بھی پابندی ہے۔**

**نہیں، ماسوائے جب:**

- باربی کیو صرف گیس یا بجلی استعمال کرتا ہو اور وہ پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی دوسرے غیر آتش گیر مادے سے بنا ہوا ایک فکس ڈھانچہ ہو جسے خصوصی طور پر کھانے بنانے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہو، یا جو کمرشل بنیادوں پر خصوصی طور پر کھانا بنانے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہو اور تیار کیا گیا ہو (بشمول ایک جگہ سے دوسری جگہ بآسانی لے جانے والے باربی کیو)، اور جسے آگ لگنے کے دوران ایک مستحکم پوزیشن میں رکھا گیا ہو
- باربی کیو کے بیرونی حصے سے لیکر 3 میٹر کے علاقے تک کوئی آتش گیر مادہ نہ ہو
- آپ کے پاس فوری استعمال کے لئے یا تو پانی اسپلائی کے ساتھ منسلک پانی کا پائپ ہو یا پھر ایک برتن ہو جس میں کم از کم 10 لیٹر پانی ہو
- آگ کے جلنے کے دوران ایک بالغ شخص ہر وقت وہاں موجود رہے جو آگ بجھانے کی قابلیت اور وسائل رکھتا ہو
- بالغ شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

## میں کھانا تیار کرنے کا کاروبار کرتا ہوں (جیسے کیٹرنگ)، یا میں کمیونٹی\ خیراتی \ چندہ اکٹھا کرنے والا یا اس سے ملتا جلتا ادارہ ہوں۔ کیا میں باہر کھلی ہوا میں منعقد کئے جانے والے فنکشنز میں باربی کیو، ککر یا توّا چلانے کے لئے آگ جلا سکتا ہوں؟



### آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز نہ چل رہی ہو (اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آیا پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہیں)
- آگ **باقاعدہ طور پر تعمیر شدہ آتش دان** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں لگائی گئی ہو
- آگ کے بیرونی کناروں سے لیکر 3 میٹر تک کے فاصلے تک اور آگ کے شعلے کے اوپر کوئی آتش گیر چیز نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زائد رقبے پر نہ ہو اور اس مقصد کے لئے استعمال کئے جانے والے مطلوبہ ٹھوس ایندھن کا سائز اور طول وعرض کم سے کم ہو
- آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

اگر آپ یہ شرائط پوری نہیں کر سکتے تو آپ کو CFA ڈسٹرکٹ آفس کو پرمٹ کے لئے درخواست دینی ہوگی۔

### آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں، ماسوائے جب آپ کے پاس MFB، CFA یا DELWP کا جاری شدہ پرمٹ ہو اور آپ اس پرمٹ کی شرائط پر عملدرآمد کریں**

ایک کمیونٹی ادارہ، ایک خیراتی ادارہ یا چندہ اکٹھا کرنے میں حصہ لینے والا ادارہ (مثال کے طور پر، ایک اسکول یا کھیلوں کا گروپ) اپنی تقریبات کے دوران دوسرے لوگوں کے لئے کھانا تیار کرنے کی غرض سے اجازت کی درخواست دے سکتا ہے۔ یہ پرمٹ مقامی CFA ڈسٹرکٹ دفاتر، CFA ہیڈکوارٹرز، MFB ڈسٹرکٹ دفاتر، یا چیف فائر آفیسر یا آگ سے بچاؤ کے علاقوں میں DELWP اپنی صوابدید پر جاری کرسکتے ہیں۔

آگ سے بچاؤ کے میونسپل آفیسر (Municipal Fire Prevention Officers) ایسے پرمٹ جاری نہیں کرسکتے۔

# میں کیا کرسکتا ہوں اور کیا نہیں؟

آگ کی اطلاع دینے کے لئے
**000 ڈائل کریں**

### کیا میں گھومنے والی سیخ کے اسٹائل کا آتش کدہ (spit style rotisserie) استعمال کرسکتا ہوں جس میں کوئلوں (heat beads)، لکڑی یا دیگر ٹھوس ایندھن کی مدد سے آگ لگائی گئی ہو؟



## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز نہ چل رہی ہو (اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آیا پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہیں)
- آگ **باقاعدہ طور پر تعمیر شدہ آتش دان** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں لگائی گئی ہو
- آگ کے بیرونی کناروں سے لیکر 3 میٹر تک کے فاصلے تک اور آگ کے شعلے کے اوپر کوئی آتش گیر چیز نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زائد رقبے پر نہ ہو اور اس مقصد کے لئے استعمال کئے جانے والے مطلوبہ ٹھوس ایندھن کا سائز اور طول وعرض کم سے کم ہو
- آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں**

**آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں کھلی جگہوں پر ٹھوس ایندھن والے باربی کیوز کے استعمال پر پابندی ہے۔**

نوٹ کرلیں کہ CFA ایکٹ 1958 کے مطابق باقاعدہ طور پر تعمیرکردہ آتش دان سے مراد ایک ایسا آتش دان ہے جو آگ کے حصار کو محدود کرنے کی غرض سے پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی اور غیر آتش گیر مادے سے بنا ہو۔ کمرشل بنیادوں پر بنائے گئے باربی کیو کو ایک باقاعدہ طور پر تعمیرکردہ آتش دان سمجھا جاتا ہے۔

### کیا میں گیس پر چلنے والی جنگلی جانوروں کو ڈرانے والی گن (scaring gun) استعمال کرسکتا ہوں؟



## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- آپ کے پاس شیڈول 14 کا موجودہ پرمٹ ہو اور آپ اس کی ہر ایک شرط کو پورا کریں۔

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں**

آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں ڈرانے والی ایسی گنز استعمال نہیں کی جاسکتیں جو گیس سے چلتی ہوں۔

### کیا میں گھاس پھوس، فصلوں کی کٹائی کے بعد بچ جانے والے تنے، بوٹیاں، بڑے درختوں کے نیچے اگنے والی جھاڑیاں یا دیگر سبزہ جلانے کے لئے کھلی جگہ پر آگ جلا سکتا ہوں؟



## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- آپ کے پاس آگ سے بچاؤ کے میونسپل افیسر (Municipal Fire Prevention Officers) یا CFA ڈسٹرکٹ آفیسر کا تحریری پرمٹ ہو
- آپ کے پاس پبلک اتھارٹی کے حامل آگ سے بچاؤ کے آفیسر کا تحریری پرمٹ ہو
- آپ اس پرمٹ کی شرائط پوری کریں
- آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

کئی کاؤنسلوں کے مقامی قوانین ہیں جن کے تحت میونسپلٹیوں کے اندر مخصوص دنوں یا مخصوص جگہوں یا مخصوص اوقات میں سوکھا جلانے (burning off) پر پابندی ہے۔ میونسپل کے آگ سے بچاؤ کے افسر سے چیک کریں۔

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں**

آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں کھلی جگہ پر گھاس پھوس، جھاڑیاں اور بوٹیاں، فصلوں کی کٹائی کے بعد ان کے بچ جانے والے تنے یا کوڑا کرکٹ جلانے پر پابندی ہے۔

آگ پر مکمل پابندی کے دنوں کے دوران آگ سے بچاؤ کے میونسپل افسران کے جاری کردہ تمام پرمٹ معطل ہوجاتے ہیں۔

پہلے سے لگائی ہوئی کسی طرح کی آگ پر پابندی ہوگی، بشمول وہ آگ جسے جلانے کے لئے آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران استثناء یا پرمٹ کے تحت اجازت دی گئی تھی اور ایسی آگ کو مکمل پابندی کے دن شروع ہونے سے پہلے مکمل طور پر بجھانا ہوگا۔

### کیا میں ایسی جگہوں پر گاڑی چلا سکتا ہوں جہاں گاڑی گھاس پھوس، فصلوں کی کٹائی کے بعد ان کے بچے ہوئے تنوں، بوٹیوں، بڑے درختوں کے نیچے اگنے والی جھاڑیوں (undergrowth) یا دیگر سبزے کو چھوئے گی؟

## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- گاڑی میں ایک موثر سائیلنسنگ آلہ (جیسے سائلنسر) لگا ہوا ہو اور انجن سے نکلنے والا سارا دھواں سائلنسنگ آلے میں سے ہو کر گزرتا ہو۔

گرم اور خشک موسم میں آپ کو سوکھے ہوئے سبزے میں سے گاڑیاں لے کر نہیں گزرنا چاہئے، چاہے آگ پر مکمل پابندی کا دن نہ بھی ہو، کیونکہ گرم ایگزہاسٹ سسٹم خطرناک ہوسکتا ہے۔

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں، ماسوائے جب:**

- گاڑی میں ایک موثر سائیلنسنگ آلہ (جیسے سائلنسر) لگا ہوا ہو اور انجن سے نکلنے والا سارا دھواں سائلنسنگ آلے میں سے ہو کر گزرتا ہو۔

جہاں ممکن ہوسکے ایسا کرنے سے بچنا چاہئے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں میں آگ لگنے کی صورت میں ہونے والے اثرات بہت زیادہ ہوسکتے ہیں۔

# میں کیا کرسکتا ہوں اور کیا نہیں؟

آگ کی اطلاع دینے کے لئے
**000 ڈائل کریں**

کیا میں **مشینی آرا (chainsaw)**، پودوں اور گھاس کو **تراشنے کی مشین(trimmer)** یا **لان میں گھاس کاٹنے کی مشین (lawn mower)** استعمال کرسکتا ہوں؟





## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- مشینی آرا (chainsaw)، پودوں اور گھاس کو تراشنے کی مشین(trimmer) یا لان میں گھاس کاٹنے کی مشین (lawn mower) کو ایسے سبزے میں استعمال کیا جائے جو ہرا بھرا نہ ہو (جو کہ سوکھا ہوا ہو) اور یہ آلات مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترتے ہوں:
  - – آلات ایسی خرابیوں اور مکینیکل مسائل سے آزاد ہوں جن کی وجہ سے آگ پھیل سکتی ہو
  - – آلات ایک مؤثر اسپارک اریسٹر (چنگاری روکنے والہ آلہ) سے لیس ہوں
  - – مشین کے ارد گرد کم از کم 3 میٹر کا علاقہ آتش گیر مادے سے پاک ہو۔

مشین کے استعمال کے دوران ایک شخص اس کے پاس موجود ہو اور اس کے پاس آگ بجھانے والے مندرجہ ذیل آلات میں سے کم از کم ایک آلہ موجود ہو:

- پانی سے پوری طرح بھرا ہوا ایک نیپ سیک (knapsack) اسپرے پمپ جو کام کرتا ہو اور جس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو، یا
- درست پریشر کے ساتھ اور پانی سے پوری طرح بھرا ہوا پانی کی مدد سے آگ بجھانے والا آلہ (جس میں پانی پریشر کے تحت ذخیرہ کیا گیا ہو) جو کام کرتا ہو اور جس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو۔

ہرے بھرے سبزے میں کام کرنے کی اجازت ہے تاہم CFA مشورہ دیتی ہے کہ آلات مرمت شدہ ہوں اور آگ بجھانے والے آلات موجود ہوں جیسے کہ اوپر بتایا گیا ہے۔

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

جہاں ممکن ہوسکے ایسا کرنے سے بچنا چاہئے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں میں آگ لگنے کی صورت میں ہونے والے اثرات بہت زیادہ ہوسکتے ہیں۔

اگر کام ضروری ہو تو، ساتھ والے کالم میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں جو آگ کے خطرے والے عرصے سے متعلق ہیں۔

نوٹ کرلیں کہ اوپر بتایا جانے والا چنگاری روکنے والا آلہ (spark arrester)، نیپ سیک (knapsack) اسپرے پمپ اور پانی کی مدد سے آگ بجھانے والا آلہ آسٹریلیا کے قابل اطلاق معیاروں کے مطابق ہونا چاہئے۔

کیا میں درج ذیل کام کرسکتا ہوں:

- ویلڈنگ، گرائنڈنگ، چارنگ، سولڈرنگ یا گیس کٹنگ؟
- ریل کی مرمت؟
- لک(bitumen) گرم کرنا؟
- شہد کی مکھیوں کو دھواں چھوڑنے والی مشین (bee smoker) کی مدد سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا؟
- حرارت یا شعلے کی مدد سے شہد حاصل کرنا؟



## آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

- آگ سے نکلنے والی چنگاریوں، گرم دھاتوں یا دھاتی میل کو روکنے کے لئے آگ کی مزاحم ڈھال یا حفاظتی پلیٹ لگی ہوئی ہو
- کام کرنے کی جگہ سے کم از کم 1.5 میٹر تک کے علاقے میں کوئی آتش گیر مادہ نہ ہو یا آگ کے پھیلاؤ سے بچنے کے لئے اس علاقے کو معقول طور پر گیلا کیا گیا ہو
- آپ کے پاس ریٹیکولیٹڈ (reticulated) واٹر سپلائی سے منسلکہ پائپ ہو یا پانی کے اسپرے کا نیپ سیک (knapsack) ہو جس میں کم از کم 9 لیٹر پانی موجود ہو
- کام کے دوران بچنے والے تمام ٹکڑے اور گرم مادوں کو فائر پروف کنٹینرز میں رکھا گیا ہو
- آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

## آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں**

**آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں ان سرگرمیوں پر مکمل پابندی ہے:**

آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں محدود صورتوں میں CFA، MFB یا DELWP سیکشن 40 پرمٹ جاری کرسکتے ہیں۔

یہ پرمٹ مقامی CFA ڈسٹرکٹ دفاتر، CFA ہیڈکوارٹرز، MFB ڈسٹرکٹ یا DELWP دفاتر جاری کرتے ہیں۔ آگ سے بچاؤ کے میونسپل افسران یہ پرمٹ جاری نہیں کرسکتے۔

سیکشن 40 پرمٹ کی درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں تفصیلات جاننے کے لئے صفحے کی پچھلی جانب دیکھیں۔

# میں کیا کرسکتا ہوں اور کیا نہیں؟

آگ کی اطلاع دینے کے لئے
**000 ڈائل کریں**

## کیا میں incinerator استعمال کرسکتا ہوں؟

### آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب:**

1. آپ کونسل سے کسی طرح کے ایسے قوانین کے بارے میں دریافت کرلیں جو incinerator کے استعمال سے متعلق شرائط بیان کرتے ہوں یا اس کے استعمال سے روکتے ہوں (جیسے مخصوص دنوں، علاقوں یا اوقات میں پابندیاں)
2. اور مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اتریں:
   - آگ مؤثر طور پر incinerator کے اندر تک محدود رہے
   - ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز نہ چل رہی ہو (اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آیا پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہیں)
   - Incinerator کی بیرونی دیوار سے لے کر 3 میٹر تک زمین اور فضا میں کوئی آتش گیر مادہ موجود نہ ہو۔
   - آگ جلنے کے دوران آگ کو بجھانے کے لئے پانی مناسب مقدار میں موجود ہو۔
   - آگ کے جلنے کے دوران ایک شخص وہاں ہر وقت موجود رہے اور وہ آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
   - اس شخص کے جانے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہو

### آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

**نہیں**

آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں incinerator کے استعمال پر مکمل پابندی ہے۔

نوٹ کرلیں کہ CFA ایکٹ 1958 کے مطابق incinerator سے مراد وہ آلہ یا ڈھانچہ ہے جسے غیر مطلوب اشیاء کو جلا کر تلف یا ضائع کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یا استعمال کیا جاسکتا ہے اور وہ:

- غیر آتش گیر مادے سے بنا ہے، اور
- اس پر آگ کی مزاحم ڈھال یا حفاظتی پلیٹ لگی ہوئی ہے تاکہ چنگاریوں، سلگتی ہوئی اور جلتی ہوئی اشیاء کو باہر نکلنے سے روکا جاسکے۔

## کیا میں کسی طرح کی فصلوں، گھاس، فصلوں کی کٹائی کے بعد ان کے بچے ہوئے تنوں، بوٹیوں، بڑے درختوں کے نیچے اگنے والی جھاڑیوں (undergrowth) یا دیگر سبزے سے 9 میٹر تک کے فاصلے کے اندر حرارتی انجن سے خود بخود حرکت کرنے والی فارم مشینری، ٹریکٹرز، سلیشرز، مٹی اٹھانے لادنے والی، کھدائی کرنے والی اور سڑکیں بنانے والی مشینری استعمال کرسکتا ہوں؟

### آگ سے خطرے کے عرصے کے دوران

**نہیں، ماسوائے جب مشینری:**

- ایسی خرابیوں اور مکینیکل مسائل سے آزاد ہو جن کی وجہ سے آگ پھیل سکتی ہو
- پر چنگاری روکنے والا آلہ (spark arrester) لگا ہو اور کام کر رہا ہو، ایک ٹربو چارجر یا exhaust aspirated air cleaner لگا ہو
- پر مندرجہ ذیل میں سے ایک آگ بجھانے کا آلہ موجود ہو:
  – پانی سے پوری طرح بھرا ہوا کم از کم ایک نیپ سیک (knapsack) اسپرے پمپ جو کام کرتا ہو اور جس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو، یا
  – درست پریشر کے ساتھ اور پانی سے پوری طرح بھرا ہوا پانی کی مدد سے آگ بجھانے والا کم از کم ایک آلہ (جس میں پانی پریشر کے تحت ذخیرہ کیا گیا ہو) جو کام کرتا ہو اور جس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو۔

### آگ پر مکمل پابندی کے دنوں میں

جہاں ممکن ہوسکے ایسا کرنے سے بچنا چاہئے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں میں آگ لگنے کی صورت میں ہونے والے اثرات بہت زیادہ ہوسکتے ہیں۔

اگر کام ضروری ہو تو، ساتھ والے کالم میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں جو آگ کے خطرے والے عرصے سے متعلق ہیں۔

نوٹ کرلیں کہ اوپر بتایا جانے والا چنگاری روکنے والا آلہ (spark arrester)، نیپ سیک (knapsack) اسپرے پمپ اور پانی کی مدد سے آگ بجھانے والا آلہ آسٹریلیا کے قابل اطلاق معیاروں کے مطابق ہونا چاہئے۔

آگ استعمال کرنے والے ہر فرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ آگ پر بندش کے قوانین پر عمل کرے۔

آگ استعمال کرنے والے ہر شخص کو لازما یہ یقینی بنانا ہوگا کہ اس کے افعال کی وجہ سے آگ دیگر املاک تک نہ پھیلے۔ جرائم ایکٹ 1958 (وکٹوریہ) کے تحت ایسے ہر شخص پر سخت سزا کا اطلاق ہوتا ہے جو جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے آگ لگائے، اسے جلائے رکھے یا اسے محدود رکھنے میں ناکام رہے اور اسے دیگر املاک تک پھیلنے دے۔

**میں اپنی جگہ پر آگ کا خطرہ کم کرنے کی غرض سے غیرضروری خشک گھاس وغیرہ جلانے (burn-off) کی منصوبہ بندی کررہا ہوں۔ میں ایمرجنسی سروسز کو کیسے آگاہ کروں؟**

اگر آپ کو CFA یا آگ سے بچاؤ کے میونسپل افسر کی جانب سے burn-off پرمٹ جاری کیا گیا ہے تو آپ کو ایمرجنسی سروسز ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (ESTA) کو 1800 668 511 پر فون کر کے پیشگی اطلاع دینی ہوگی، علاوہ ازیں آپ کو ہر اس شخص کو بھی پیشگی اطلاح دینی ہوگی جس کا ذکر پرمٹ کی شرائط میں ہے۔

**میں پرمٹ کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کرسکتا ہوں یا اس کے لئے درخواست کیسے دے سکتا ہوں؟**

اس گائیڈ کے بارے میں مزید وضاحت یا معلومات کے لئے، یا پرمٹ کا درخواست فارم حاصل کرنے کے لئے cfa.vic.gov.au پر جائیں، اپنے مقامی CFA ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سے رابطہ کریں یا 9262 8444 (03) پر فون کریں۔ CFA کی ویب سائٹ پر CFA ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز کے رابطہ نمبروں کی فہرست موجود ہے۔

اگر آپ کو میٹروپولیٹن فائر ڈسٹرکٹ میں کام کرنے کی ضرورت ہے تو MFB سے 9662 2311 (03) پر رابطہ کریں یا mfb.vic.gov.au پر جائیں۔

میلبورن کے شمال مشرق اور مشرق میں واقع بہت سی میونسپلٹیوں میں پبلک لینڈ کی حدود سے 1.5 کلومیٹر تک بھی DELWP کی جانب سے آگ کی بندشوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ تفصیلات کے لئے DELWP کی ویب سائٹ دیکھیں۔

اگر آپ کو پرمٹ کے لئے درخواست دینے کی ضرورت ہے تو DELWP سے 136 186 پر رابطہ کریں یا delwp.vic.gov.au پر جائیں۔